قسط اوّل
الوظائف
روحانی وظائف پر مشتمل رسالہ
اِس رسالہ میں آپ پڑھیں گے
وظائف کے آداب
اولاد عظیم نعمت ہے
بے اولادی
نرینہ اولاد
حمل کی حفاظت
اٹھرا کا روحانی عمل
از قلم
ابو نعمان عرفان شریف المدنی
الطالعہ پبلشر جھنگ

ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　　　　　　　　　　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈمن "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈمن کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی و غیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریمو و کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریمو و کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈمن سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریمو و کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈمن سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریمو و کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　　　　　　　　　　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو

بسم الله الرحمٰن الرحیم
الصلاة والسلام علیک یا سیدی یا رسول الله

قسط اول

الوظائف

روحانی وظائف پر مشتمل رسالہ

اس رسالہ میں آپ پڑھیں گے

وظائف کے آداب

اولاد عظیم نعمت ہے

بے اولادی

نرینہ اولاد

حمل کی حفاظت

اٹھرا کا روحانی عمل

ازقلم۔ ابونعمان عرفان شریف المدنی

الطالعہ پبلشر جھنگ

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام	----------------	الوظائف (قسط اول)
موءلف	----------------	ابونعمان عرفان شریف المدنی
ناشر	----------------	الطالعہ پبلشر جھنگ
زیرِ نگرانی	----------------	محمد عثمان شریف عطاری
اول ایڈیشن	----------------	
صفحات	----------------	20
ہدیہ	----------------	
تعداد	----------------	1000

ملنے کا پتہ

شیخ محمد حسین نیوز ایجنٹس اینڈ بک سیلر

فوارہ چوک سیشن روڈ جھنگ پنجاب پاکستان

فون:7621733 ,7626420-47-92+

الطالعہ پبلشرز جھنگ

بستی شھنی والی وارڈ نمبر 7 جھنگ سٹی

موبائل:0300-6504263، E-mail:altaliyapublisher@gmail.com

انتساب

میں اس کتاب کوحضوراکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں پیش کرتا ہوں ۔جن کے فضل وکرم سے ہم دُنیاوآخرت میں فیض یاب ہوتے ہیں ۔اورحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے اپنے ماں باپ کوجن کی وجہ سے بندہ ناچیز قلم پکڑنے کے قابل ہوا۔

ابونعمان عرفان شریف المدنی

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وظائف کے ضروری آداب

آدابِ دعاء اور وظائف کی تعداد یوں تو بہت زیادہ ہے۔ مگر ہم ان میں سے چند نہایت اہم اور ضروری آداب کا تذکرہ کرتے ہیں، جو یہ ہیں۔

باوضو رقبلہ رُخ، درود شریف ابراہیمی کے اہتمام کے ساتھ وظیفہ شروع کیا جائے۔
کامل اعتماد اور پختہ یقین کے ساتھ وظیفہ پڑھا جائے۔ کیونکہ بے اعتمادی اور غفلت کے ساتھ پڑھا ہوا وظیفہ ضائع اور بے کار ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور اولیائے کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو عمل کے شروع کرنے سے پہلے ہر روز ایصال ثواب کیا جائے۔ اس طرح کرنا وظائف اور اعمال کی طاقت کو بہت بڑھا دیتا ہے۔ کسی جاندار کی تصویر، کتا وغیرہ موجود نہ ہو کیونکہ جاندار کی تصویر اور کتے کی وجہ سے اللہ کی رحمت کے فرشتے نہیں اُترتے۔ ایسی جگہ کا انتخاب کیا جائے جہاں یکسوئی میسر ہو۔ وظیفہ کرنے کے سلسلے میں کم از کم 7 دن، 11 دن، 21 دن اور زیادہ سے زیادہ 41 دن تک جاری رکھنا چاہئے ے۔ کیونکہ اگر 41 دن کوئی وظیفہ پڑھنے سے مخصوص مشکل، پریشانی ختم یا حاجت پوری نہیں ہوئی۔ تو پھر اب اس کے لئے کوئی دوسرا وظیفہ یا کلام تجویز کیا جائے۔ اور ان باتوں کا خصوصی خیال رکھا جائے

1۔ بارگاہِ حق میں عجز و نیاز

یعنی ہر عمل کرنے یا تعویذات لکھنے کے وقت نہایت ہی خضوع و خشوع کے ساتھ خداوند قدوس کی بارگاہ میں عاجزی و نیازمندی کا اظہار کرے۔

2۔ صدقہ وخیرات

یعنی ہر عمل اور وظیفہ شروع کرنے سے پہلے کچھ صدقہ وخیرات کرے۔

3۔ درود شریف

یعنی ہر عمل ہر دعاء ہر وظیفہ کے اوّل و آخر دُرود شریف کا ورد کرے۔

4۔ بار بار دعاء مانگے

یعنی وظیفوں کے بعد جب اپنے مقصد کے لئے دعاء مانگے تو ایک ہی مرتبہ دعاء مانگ کر بس نہ کردے۔ بلکہ بار بار گڑگڑا کر خُدا سے دُعاء مانگے

5۔ تنہائی

یعنی جہاں تک ہو سکے ہر دعاء اور وظیفہ وغیرہ عملیات کو تنہائی میں پڑھے جہاں نہ کسی کی آمد و رفت ہو نہ کسی کی کوئی آواز آئے!

6۔ کسی کو نقصان نہ پہنچائے

یعنی کسی مسلمان کو نقصان پہنچانے کے لئے ہرگز ہرگز نہ کوئی عمل کرے نہ کوئی وظیفہ پڑھے۔

7۔ خوراک میں کمی

یعنی جب کوئی عمل کرے یا وظیفہ پڑھے تو اس دوران میں بہت کم کھائے اور سادہ غذا کھائے پیٹ بھر کر نہ کھائے کیونکہ پیٹ بھرے لوگ دُعاؤں کی تاثیر سے اکثر محروم رہتے ہیں۔

8۔ پاکی اور صفائی

اعمال اور وظائف پڑھنے کے دوران بدن اور کپڑوں کی پاکی اور صفائی سُتھرائی کا خاص طور پر خیال و لحاظ رکھے بلکہ خوشبو بھی استعمال کرے اور ظاہری پاکی و صفائی کے ساتھ ساتھ اپنے اخلاق و کردار اور باطنی صفائی کا بھی اہتمام رکھے۔

9۔ پاک روشنائی

جو تعویذ لکھے وہ زعفران سے لکھے یا ایسی روشنائی سے لکھے جس میں اسپرٹ نہ پڑی ہو بلکہ اپنے ہاتھ سے بنائی ہوئی روشنائی ہونی چاہیئے جو زمزم شریف میں گھولی ہوئی ہو یا دریاؤں کے جاری پانی میں۔

10۔ اچّھی ساعت اچّھی نیّت

ہر عمل اچھی ساعت میں کرے اور ہر تعویذ اچھی ساعت میں قبلہ رُو ہو کر لکھے۔ اور تعویذ لکھتے وقت ہرگز کوئی طمع اور لالچ دل میں نہ لائے بلکہ اخلاص کے ساتھ تعویذ لکھ کر حاجتمندوں کو دے۔

اولاد عظیم نعمت ہے

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اللہ ہی کے لیے ہے زمین و آسمان کی سلطنت پیدا کرتا ہے جو چاہے، جسے چاہے بیٹیاں عطا فرمادے اور جسے چاہے بیٹے دے یا دونوں ملا دے بیٹے اور بیٹیاں، اور جسے چاہے بانجھ کردے بیشک وہ علم اور قدرت والا ہے (الشوریٰ (49-48) اولاد ایک نعمت ہے۔ آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، باعث سکون ہے، غموں کا مداوا ہے، کمزور ہوتے بازؤں کی قوت ہے، سرمایہ حیات بھی اور سرمایہ آخرت بھی، فطرتاً ہر انسان اولاد کا طلب گار ہے، ہر انسان کے دل میں اولاد کے حصول کی تمنا ہے۔ قرآن نے بھی اولاد کے حصول کے لئے دعا کرنے کا ذکر کیا انبیاء علیہم السلام بھی حصول اولاد کے لئے دعائیں کرتے۔ چنانچہ قرآن پاک میں حضرت سیدنا ذکریا علیہ السلام کا ذکر کیا کہ آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اولاد کے لئے دعا مانگ رہے ہیں۔ قال رب هب لی من لدنك ذرية طيبة (آل عمران، 38 پ 3) (حضرت ذکریا علیہ السلام نے) عرض کی اے میرے رب مجھے اپنے پاس سے ستھری اولاد دے۔ آپ سوچیئے نبی علیہ السلام کو کس چیز کی کمی ہے لیکن نیک اولاد کی دعا حضرت ذکریا علیہ السلام نے بھی کی اور ساتھ ساتھ جلیل القدر نبی یہ نظریہ بھی دے رہے ہیں کہ اولاد کی تڑپ اور تمنا کے ساتھ ساتھ نیک اولاد کے حصول کی دعا کی جائے۔ اولاد واقعی بہت عظیم نعمت ہے جو لوگ اولاد کی نعمت سے محروم ہیں، وہ کیسی تڑپ رکھتے ہیں اس کا احساس صاحب اولاد نہیں کر سکتے کیونکہ جو کسی نعمت سے محروم ہوتا ہے، اکثر و بیشتر اسے ہی نعمت کی قدر ہوتی ہے۔ آنکھ کی قدر معلوم کرنی ہو تو نابینا سے معلوم کیجئے۔ کان کی قدر معلوم کرنی ہے تو بہرے سے پوچھیئے۔ اگر ہم مکمل احساس نہیں کر سکتے تو کم از کم اتنا تو غور کریں کہ اولاد کتنی بڑی نعمت ہے کہ اللہ کے ایک برگزیدہ نبی رب کی بارگاہ میں دعا کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کی دعا کو اپنے کلام قرآن پاک میں بھی فرمایا جیسا کہ ابھی گزرا اولاد کے حصول کیلئے کوشش اور دعا لازمی ہے اوپر والی آیت کریمہ کی تفسیر میں علمائے کرام فرماتے ہیں۔

حقیقی شہنشاہ وہی ہے وہ جسے چاہے حکومت بخشے جیسے بادشاہوں کو ظاہری بادشاہی بخشی، اور اولیاء اللہ کو

باطنی سلطنت عطا فرمائی ۔معلوم ہوا کہ اولاد محض عطائے ربانی ہے۔ بڑے قوی طاقتور لوگ ، دولتمند لوگ اولاد سے محروم دیکھے گئے ہیں، کمزوروں کا گھر بیٹوں سے بھرا ہوا ہے خیال رہے بزرگوں اور اولیاء اللہ کی دعاؤں سے اولاد ملنا بھی رب کی عطا ہے جیسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا سے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گھر اولاد سے بھر گیا۔ یہ سب صورتیں انبیاء کرام میں بھی پائی جاتیں ہیں چنانچہ حضرت لوط علیہ السلام اور حضرت شعیب علیہ السلام کے یہاں صرف لڑکیاں تھیں ،حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صرف لڑکے تھے ، ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ نے لڑکے ،لڑکیاں دونوں عطا فرمایا، حضرت یحیٰ علیہ السلام وحضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کوئی اولاد نہیں تھی ،حضرت آدم علیہ السلام کو صرف مٹی سے پیدا کیا جن کے نہ باپ ہے نہ ماں ،حضرت حوّا علیہا السلام کو آدم علیہ السلام سے پیدا کیا ان کی ماں نہیں ،حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صرف عورت سے پیدا کیا ان کا باپ نہیں اور باقی تمام انسانوں کو مرد اور عورت کے ملاپ سے پیدا کیا المختصر اس رسالہ میں میں نے قرآن وحدیث سے اور بزرگان دین سے منقول اور مجرب عمل اور وظایف کی سعی (کوشش) کی ہے ان شاء اللہ عزوجل جو بھی ان وظائف کو صدق دل سے کرے گا اللہ عزوجل ان کو پنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ اولاد کی نعمت سے نوازے گا آمیں

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اسے اولاد کی بہت زیادہ خواہش ہو اور اولاد کیلیے ہر وقت بے چین رہتا ہو اس کیلیے یہ عمل بہت مفید ہے۔اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ضرور ہوگی ۔وہ عمل یہ ہے۔:

(۱) سورۂ نساء شروع لے کر رَقِیباً (پہلی آیت مکمل) تک ایک حلوے کے ٹکڑے پر شب جمعہ میں باوضو آدھی رات کو لکھے (جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے) لکھنے کا عمل ایسی تنہائی میں کرے جہاں اسے لکھتے ہوے کوئی نہ دیکھے ۔ یہ حلوہ وہ عورت کھائے جس کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اس رات اس کا خاوند ہمبستری کرے۔ تین جمعرات یہ عمل کرنا ہے۔انشاء اللہ تعالیٰ عورت کے اولاد ہوگی ۔تنبیہ: ۔بعض مرتبہ عورت یا مرد پر سحر یا جنات کا اثر ہوتا ہے جس کے سبب حمل

نہیں ہوتا۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے سحر، جنات کا بندش کا علاج کرے اس کے بعد یہ عمل کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اولاد ہوگی۔

(۲) بے اولاد افراد کیلئے یہ بہت قیمتی اور تیر بہدف عمل ہے۔ اس کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ گود اولاد سے بھر جائے گی۔ عمل یہ ہے:۔ دو مرغی کے انڈے ابال کر ان کے چھلکے اتار کر باوضو ایک انڈے پر یہ کلمات لکھیں۔ وَ السَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيۡىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوۡسِعُوۡنَ اور دوسرے انڈے پر یہ کلمات لکھیں۔ وَ الۡاَرۡضَ فَرَشۡنٰهَا فَنِعۡمَ الۡمٰهِدُوۡنَ (الذاریت 48,47) پہلا انڈہ مرد کھائے اور دوسرا انڈہ عورت کھائے اور لگا تار اکیس روز تک یہ عمل مسلسل جاری رکھیں اور اس دوران میاں بیوی خلوت کرتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا اور اولاد ہوگی۔

(۳)' روزانہ فجر کی نماز کے بعد سات مرتبہ چالیس دن تک پڑھنا ہے' انشاءاللہ اولاد پیدا ہوگی' آزمودہ وظیفہ ہے۔

اول سات مرتبہ درود شریف' 7 مرتبہ یہ استغفار اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ الَّذِىۡ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَيۡهِ۔ 7 مرتبہ رَبِّ هَبۡ لِىۡ مِنَ الصّٰلِحِيۡن۔ 7 مرتبہ رَبِّ هَبۡ لِىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيۡعُ الدُّعَاءِ۔ 7 مرتبہ رَبَّنَاهَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَ ذُرِّيٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡيُنٍ وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا۔ 7 مرتبہ رَبِّ لَا تَذَرۡنِىۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡوَارِثِيۡنَ۔ 7 مرتبہ رَبَّنَا اٰتِنَا فِى الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّ فِى الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّار۔ 7 مرتبہ درج بالا استغفار اور 7 مرتبہ درود شریف۔

(۴) اولاد نرینہ کیلئے کامیاب عمل

!جس نے بھی کیا وہ مایوس نہیں ہوا۔ عمل: دوران حمل تیسرے ماہ کے شروع میں فجر یا عشاء کی نماز کے بعد ایک مقررہ وقت میں شوہر نے اپنی بیوی کی ناف پر انگلی سے حلقہ بناتے ہوئے گیارہ مرتبہ کوئی

درود شریف اور ستر مرتبہ یامَتِیْنُ سات روز تک پڑھنا ہے۔ انشاءاللہ اولاد نرینہ ہی پیدا ہوگی۔

(۵) اگر کسی عورت کو حمل قائم نہ ہوتا ہو جس کے سبب اولاد سے محروم ہو تو مندرجہ ذیل آیت باوضو ہرن کی جھلی پر لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی حمل قرار پائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَل لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيعاً (الرعد 30)

(۶): اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿نور ۴۰﴾ چالیس لونگیں لے کر ہر ایک پر سات سات بار یہ آیت پڑھے اور جس دن عورت حیض سے پاک ہو اس دن غسل کرے اور اس دن سے ایک لونگ روزمرہ سوتے وقت کھانا شروع کرے اور اس پر پانی نہ پئے اور اس درمیان میں شوہر کے ساتھ ضرور تخلیہ کرے۔ انشاءاللہ اولاد ملے گی

(۷) حمل ٹھہرنے کا ایک مجرب عمل جس عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو وہ ہر نماز کے بعد یَامُصَوِّرُ کی ایک تسبیح پڑھے۔ انشاءاللہ حمل ٹھہر جائے گا۔

(۸)۔ حمل نہ ہونے کا علاج اگر شادی کو معقول وقت گذر چکا ہو اور حمل کے آثار پیدا نہ ہو رہے ہوں تو صبح و شام خاتون یہ عمل کرے انشاءاللہ حمل ہو جائے گا۔ ہمارا عام معمول اور بارہا کا آزمودہ ہے:۔

(ا) اول و آخر گیارہ بار سورۃ الحشر کی آخری آیت اور اس کے درمیان میں وہی چار اسمائے الٰہی ایک سو ایک بار پڑھے جو اس آیت کے شروع میں آ رہے ہیں :۔ یَااَللّٰهُ، يَاخَالِقُ، يَابَارِئُ، يَا مُصَوِّرُ۔ مجرب المجرب ہے۔

(۹) رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ (38 آل

عمران) ھرنماز کے بعد اول آخرتین تین مرتبہ درودشریف اوراکیس مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھ کردعا کریں ان شاءاللہ عزوجل جلدہی خوشخبری ملے گی

(۱۰) بیوی پڑھے بعدنمازعشاء(ا) سورہ الم نشرح 70 مرتبہ پڑھے(۲) یامنصور یااللہ 336 مرتبہ (۳) آیت الکرسی 11 مرتبہ دودھ پر دم کریں اس کے بعد اولاد کیلے دعا مانگیں دودھ میاں بیوی دونوں پی لیں

(۱۱) حضرت امام جعفرصادق رضی اللہ عنہ سے منقول ھے کہ یہ کلمات کاغذ پر لکھے اورحیض سے فارغ ہونے کے بعدعورت غسل کرکے اس کوکمر سے باندھے اللہ کے کرم سے حاملہ ہوگی مجرب ہے۔بسم اللہ الرحمن الرحیم ھوھوھوھوھوھوھوھوھوھواللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم صل اللہ علی خیر خلقہ محمد والہ اجمعین

(۱۲) جس عورت کے بچے نہ ہوتے ہوتو یہ تعویذ اس میں بہت کارآمد ہےان کلمات کولکھ کرتعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعاً (الرعد30)

یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس
یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس
یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس
یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس
یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس
یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس

(۱۳) جو اولاد سے نا امید ہو جائے اس آیت کو ۴۱ دن تک روزانہ ۳۰۰ مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے میاں بیوی آدھا آدھا کھالیا کریں اللہ نے چاہا تو ضرور کرم ہوگا وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (سورہ مائدہ ۱۷)

(۱۴) جس عورت کا حمل ٹھہر کر گر جاتا ہو اور اکثر اوقات اسی پریشانی کا سامنا رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ حمل ٹھہرنے کے بعد یَاحَیُّ یَاحَافِظُ یَامُصَوِّرُ 40 دن تک روزانہ 1100 مرتبہ پڑھے۔ ایک مقررہ وقت اور مقررہ مقام پر پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ انشاءاللہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے حمل محفوظ رہے گا۔

(۱۵) نرینہ اولاد کے حصول کا عمل بے اولاد مرد 7 نَفل روزے رکھے اور روزانہ افطار کا وَقت جب قریب ہو تو یَامُصَوِّرُ (21 بار) پڑھے اور پانی پر دم کر کے بیوی کو پلا دے (اگر بیوی بھی روزہ دار ہو تو چاہے تو اُسی پانی سے روزہ کھولے) اللہُ ربُّ العزّت کی عنایت سے نیک بیٹے کی ولادت ہو گی۔ بانجھ (یعنی جسے اولاد نہ ہوتی ہو ایسی) عورت بھی چاہے تو یہ عمل کرے اور دم کر کے اس پانی سے افطار کر لے۔ (چاہیں تو دونوں الگ الگ اوقات میں بھی یہ عمل کر سکتے ہیں)

(۱۶) بچہ خوبصورت پیدا ہونے کا عمل جو عورت یہ چاہتی ہو کہ اس کی اولاد خوبصورت پیدا ہو تو اسے چاہیے کہ حمل ٹھہرنے کے تین ماہ بعد اس اسم کو سوتے وقت 336 مرتبہ یَامُصَوِّرُ پڑھنا شروع کر دے اور بچے کی پیدائش تک اسے پڑھتی رہے۔ انشاءاللہ جو بچہ یا بچی پیدا ہو گی وہ خوبصورت اور صحیح سلامت پیدا ہو گی

(۱۷) اولاد نرینہ کے حصول کے لیے اوّل وآخر درودِ پاک پڑھ کر روزانہ 'یَا اَوَّلُ' کا سو (100) بار ورد کریں۔ یہ وظیفہ حسبِ ضرورت 11 دن، 40 دن یا اس سے بھی زائد عرصہ جاری رکھیں۔ ان شاءاللہ اولادِ نرینہ کی نعمت ملے گی۔

(۱۸) یَا مُتَکَبِّرُ 10 بار، زوجہ سے ''مِلاپ'' سے قبل پڑھ لینے والا اِنْ شَآءَاللہ عَزَّ وَجَلَّ نیک بیٹے کا باپ بنے گا۔

(۱۹) حَمل شُروع ہونے کے پہلے مہینے کسی دن صِرف ایک بار زَوجہ کی سیدھی طرف کی پسلی پر 54 بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ دے تو اِنْ شَآءَاللہ عَزَّ وَجَلَّ بیٹے کا باپ بنے گا۔ (بِغیر سیاہی (ink) کے صرف شہادت کی اُنگلی سے لکھنا ہے، اعراب نہ لگائیں، ایک بار لکھ کر اُسی پر بار بار لکھنے میں حرج نہیں۔

(۲۰) ہر نَماز کے بعد 300 بار بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم پڑھنے کا معمول بنا لیجئے۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّ وَجَلَّ صاحِبِ اولاد ہو جائیں گے۔ (میاں بیوی دونوں پڑھ سکتے ہیں)

(۲۱) میاں بیوی دونوں 56 بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ بیچ رات میں پڑھ کر ''ملاپ'' کریں تو اللہ ربُّ العزّت کی رحمت سے نیک اولاد کی ولادت ہو جو کہ اپنے ماں باپ کے لئے سامانِ راحت بنے۔

(۲۲) یَا اَوَّلُ 41 بار روزانہ پڑھیے، اِنْ شَآءَاللہ عَزَّ وَجَلَّ صاحبِ اولاد ہو جائیں گے۔ (مدّت: 40 دن)۔

(۲۳) حمل ٹھہرنے کو 3 ماہ 20 دن ہو جائیں تو مسلسل 40 دن تک روزانہ حامِلہ یہ عمل کرے: پہلے گیارہ بار دُرُود شریف پھر ہر بار بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ کے ساتھ 7 بار یٰسٓ شریف پڑھے پھر آخر میں بھی 11 بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کرکے پی لے (درست پڑھ سکتی ہو تو ہی یہ عمل کرے، پڑھنے کے دوران بات بالکل نہ کرے)، اِنْ شَآءَاللہ عَزَّ وَجَلَّ نیک بیٹا عنایت ہوگا

(۲۴) حامِلہ کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر شوہَر اِس طرح کہے: ''اِنْ کَانَ ذَکَرًا فَقَدْ سَمَّیْتُہٗ مُحَمَّدًا۔ ترجمہ اگر لڑکا ہے تو میں نے اس کا نام محمّد رکھا'' (اِنْ شَآءَاللہ عَزَّ وَجَلَّ لڑکا پیدا ہوگا۔ اگر کہتے وقت عَرَبی عِبارت کے معنیٰ ذِہن میں ہوں تو ترجَمے کے الفاظ کہنے کی ضَرورت نہیں ورنہ ترجَمے کے الفاظ بھی کہہ لیں

(۲۵) بیٹا نہ ہوتا ہو، بے اولاد ہو، کچّا حمل گر جاتا ہو یا پیدائش کے بعد بچّے فوت ہو جاتے ہوں تو کچے سُوت اے کے سات دھاگے عورت کو بالکل سیدھی کھڑی کر کے یا ایک دم سیدھی لٹا کر اُس کی پیشانی کے بالوں سے پاؤں کی اُنگلیوں تک ناپ لیجئے اور ساتوں دھاگے ملا کر ان پر گیارہ بار اِس طرح آیۃُ الکُرسی شریف پڑھیئے کہ ہر بار ایک گرہ لگاتے جایئے اور دَم کرتے جایئے۔ اِس گنڈے کو (حسبِ ضَرورت کپڑے کی بڑی پٹّی پر لمبائی میں رکھ کر سی لیجئے تا کہ پیٹ بڑا ہو جانے کی صورت میں بھی کام چل سکے پھر بھی اگر تنگ پڑ جائے تو کپڑے کی پٹّی میں جوڑ لگا سکتے ہیں) عورت کی کمر پر باندھیئے۔ جب تک بچّہ پیدا نہ ہو جائے ہرگز نہ کھولئے یہاں تک کہ غُسل کے وقت بھی جُدا مت کیجئے۔ جب حَمل کے آثار ظاہر ہوں تو گھر کی پکائی ہوئی سفید میٹھی چیز (مَثَلاً میٹھے سفید چاول) سرکارِ بغداد حُضُور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ تعَالٰی عَلَیْہ، حضرت سیّدُنا شیخ محمد افضل رَحْمَۃُ اللہِ تعَالٰی عَلَیْہ اور سَیّدُنا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کی فاتحہ دلایئے اور عورت دو رَکعت نَفل ادا کرے پھر کھڑے ہو کر بغداد شریف کی طرف رُخ اے کر کے اِس طرح عرض کرے: ''یا غوثَ الاعظم رَحْمَۃُ اللہِ تعَالٰی عَلَیْہ! اگر میرے ہاں لڑکا پیدا ہوا تو آپ کی غلامی میں دے دوں گی اور اس کا نام غلام مُحْیُ الدّین رکھوں گی۔'' اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّ وَجَلَّ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ جب بچّہ پیدا ہو تو غُسل دے کر کانوں میں اذان کے بعد وہ گنڈا ماں کی کمر سے کھول کر بچّے کے گلے میں پہنا دیں (چاہیں تو کپڑے کی پٹّی اُدھیڑ کر گانٹھیں لگا یا ہوا اصل گنڈا بھی گلے میں ڈال سکتے ہیں) اور بچّے کی پیدائش کے روز سے ہر سال غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ تعَالٰی عَلَیْہ کی نیاز کیلئے ایک روپیہ علیٰحدہ جمع کرتے رہیں۔ جب بچّہ گیارہ سال کا ہو جائے تو اِن گیارہ روپوں کی شیرینی یا مزید جتنی چاہیں رقم ملا کر غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ تعَالٰی عَلَیْہ کی نیاز کریں اور پھر اس گنڈے کو محفوظ جگہ پر دَفن کر دیں۔

(۲۶) باری کے دنوں سے فارِغ ہونے کے بعد حسبِ توفیق کچھ نہ کچھ خیرات کرے، سُوْرَۃُ التَّوْبَہ

ایک بار، اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ بیٹا پیدا ہوگا۔

(۲۷) عورت ہر نماز کے بعد ایک تسبیح یعنی 100 بار یہ آیتِ مبارکہ: رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ (پ۱۷، الانبیاء:۸۹) پڑھے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ بیٹے کی نعمت ملے گی

(۲۸) میاں بیوی دونوں روزانہ 101 بار سُوْرَۃُ الْکَوْثَر پڑھیں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ جلد ہی بیٹے کے ماں باپ بن جائیں گے

(۲۹) اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثَى وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ (سورۃ الرعد ۸)

جس عورت کا حمل ساقط ہوجاتا ہو ابتدا سے لیکر ۹ مہینہ تک اس آیت کو پڑ کر پانی پر دم کر کے پیتی رہے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّ وَجَل امید بر آئے گی۔

(۳۰) حمل کے 61 سے 67 ویں دن تک اگر شوہر یا بیوی میں سے کوی ایک روزانہ سورہ بقرہ اس نیت سے تلاوت کرے تو اسے اللہ تعالی بیٹا عطا فرماتا ہے الحمد اللہ بالکل تیر بہدف ثابت ہوا اور کسی جگہ خطا نہیں گیا۔

(۳۱) جس عورت کا حمل ساقط ہوجاتا ہو شروع سے لیکر 9 مہینہ تک اس آیت کریمہ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتی رہے ان شاء اللہ عزوجل امید برائے گی اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثَى وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ (سورہ رعد)

(۳۲) وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَيَجْعَلْ لَكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَلْ لَكُمْ أَنْهَارًا) نوح) اگر کسی کے ہاں لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو صرف لڑکیاں ہوں تو حمل ہوتے ہی 9 مہینہ تک روزانہ 111 اس آیت کو پڑھے اللہ نے چاہا تو نرینہ اولاد پیدا ہوگی

(۳۳) وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ (76) اگر کسی کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو یا کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتی ہو اس آیت کو روزانہ صبح شام 11 مرتبہ پڑھتے رہیں ان شاءاللہ عزوجل مفید ثابت ہوگا۔

(۳۴) يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ (1 سورہ الحج) حمل کی حفاظت کیلیے مفید ہے باوضولکھ تعویذ بنا کر رحم پر باندھ لیں ان شاءاللہ عزوجل حمل ٹھہر جاے گا۔

(۳۵) وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَإِنَّا لَمُوسِعُونَ (47) وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ (48) (سورہ الذاریات)

جس کو اولاد سے مایوسی ہو دو انڈے ابال کر چھلکا اترے ایک پر وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَإِنَّا لَمُوسِعُونَ لکھے اور دوسرے پر وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ لکھے پہلا انڈہ مرد اور دوسرا عورت کھائے اسی طرح چالیس روز تک یہ ترکیب کرے اور اس درمیان میں قربت بھی کرتا جاے ان شاءاللہ استقرار حمل ہوگا۔

(۳۶) جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں اکسٹھ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو بچے محفوظ رہیں گے مجرب عمل ہے۔

(۳۷) وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ ۚ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ (127) إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوا وَالَّذِينَ هُمْ مُحْسِنُونَ (128) حمل کو ساقط ہونے سے بچانے کیلئے یہ عمل مجرب ہے کہ کاغذ پر لکھ کر مریضہ کی ناف پر ڈوری کے ساتھ بندھوا دیتے ہیں۔

(۳۸) نرینہ اولاد کے لئے اولاد نرینہ کے لئے یہ آیت مبارکہ جس حاملہ کی ناف پر بندھوا دیں، اللہ

تعالیٰ اسے بیٹا نصیب فرمائے گا یہ عمل مجرب ہے۔

يا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَ صابِرُوا وَ رابِطُوا وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُون

(۳۹) حمل کے دوسرے مہینے سے سورۃ یوسف کی روزانہ حاملہ خاتون تلاوت کیا کرے۔ انشاء اللہ پیدا ہونے والا بچہ نہایت خوبصورت ہوگا۔ صالح و پاکدامن بھی ہوگا اور صاحب مرتبہ بھی ہوگا۔

(۴۰) بچے کی خوبصورتی کے لئے حمل کے بعد حاملہ خاتون چاند کی ہر تیرہ، چودہ اور پندہ تاریخ کو عشاء کے بعد کھلے آسمان کے نیچے چت لیٹ کر سورۃ الشّمس کی تلاوت کیا کرے۔ انشاء اللہ آنے والا بچہ حسین و جمیل ہوگا

(۴۱) اولاد کیلئے:۔ اگر کسی کی اولاد پیدا ہوکر مرگئی ہو یا آئندہ اولاد ہونے کا امکان نہ ہوتو وہ شخص گیارہ دن تک عشاء کی نماز کے بعد تین ہزار دفعہ یا جبار پڑھ کر تین عدد مغز بادام پر دم کر کے ایک دانہ بیوی کو کھلائیں اور دو دانے خود کھائے پھر اپنی بیوی سے خلوت کرے گیارہ دن تک ایسا کرے انشاء اللہ اس کی بیوی حاملہ ہوگی اور نیک صالح فرزند ہوگا جب بچہ پیدا ہوتو اس کا نام عزیز اللہ یا عطاء اللہ رکھے اور سات برس تک ہر سال اس کیلئے ایک بکرے کی قربانی کرے۔

(۴۲) اولاد کیلئے:۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ نیک اور صالح فرزند پیدا ہوتو بیوی کے پاس جا کر پہلے دن 11 مرتبہ **یا متکبر** پڑھے اور پھر حق زوجیت ادا کرے تو اللہ پاک کے حکم سے سعادت مند بچہ پیدا ہوگا

(۴۳) اٹھتے بیٹھتے بہت ہی زیادہ سورہ کوثر کا ورد رکھیں اللہ عزوجل اولاد سے نوازے دردِ زہ (یعنی بچّے کی ولادت کے درد) میں اگر زیادہ تکلیف ہوتو عورت مہرِ نُبُوَّت شریف کا عکس (یعنی فوٹو) اور نعلِ پاک کا نقش مُٹّھی میں داب لے یا بازو پر باندھ لے، جب تک سُتر ڈھکا ہو یَا اَللّٰہُ کا وِرْد کرتی رہے، اگر لیٹی ہوئی ہوتو وِرْد کرنے کے دَوران پاؤں سَمیٹے رہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّ وَجَلّ چند مِنَٹ میں

ولادت ہوجائے گی۔

(۴۴) **یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ** 111 بار (اوّل آخر ایک بار دُرُود شریف) پڑھ کر دردِزہ (یعنی بچے کی ولادت کے درد) میں مبتلا خاتون کے پیٹ اور کمر پر دم کرنے یا لکھ کر باندھنے سے ربُّ العزّت کی عنایت سے دردِزہ یعنی زَچگی کے دَرد میں راحت اور ولادت میں سہولت حاصل ہوگی۔

(۴۵) سُوْرَۃُ الْاِنْشِقَاق کی ابتدائی پانچ آیات

إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ (1) وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (2) وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ (3) وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ (4) وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (5) تین بار (اوّل آخر تین مرتبہ دُرود شریف) ہر بار شروع میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھ لیجئے پھر پانی پر دَم کرکے پی لیجئے، وقتاً فوقتاً ان آیاتِ مبارَکہ کا وِرد کیجئے۔ اسلامی بہن نہ پڑھ سکے تو کوئی اور پڑھ کر دم کرکے پلا سکتا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ دَرْدِزِہ (یعنی ولادت کی تکلیف) میں آرام ملے گا، اگر بچّہ ٹیڑھا ہوا تو وہ بھی سیدھا ہوجائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو آپریشن کا خطرہ بھی ٹل جائے گا۔ (مُدّتِ علاج: تا حصولِ مُراد)

(۴۶) حامِلہ روزانہ سُوْرَۃُ مَرْیَم کی تلاوت کرے گی تو اِس کی برکتیں اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ خود ہی دیکھ لے گی۔ دردِزہ میں راحت اور اللہ عَزَّ وَجَلَّ کی رحمت سے ولادت میں سہولت ہوگی

(۴۷) **یَا قَوِیُّ** 100 بار پڑھ کر حامِلہ اپنے پیٹ پر دم کرتی رہے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ بچّہ سیدھا ہوجائے گا اور آپریشن کی ضرورت نہ رہے گی۔۔ کچّا حَمل گرنے کے 4 روحانی علاج

(۴۸) حَمل ٹھہرنے کے بعد **یَا حَیُّ یَا حَافِظُ یَا مُصَوِّرُ** 1100 بار روزانہ 40 دن تک پڑھے، روزانہ ایک ہی وَقت اور ایک ہی مقام پر پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ ربُّ العزّت کی رَحمت سے حَمل کی حفاظت ہوگی۔

(۴۹) **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** 55 بار لکھ کر تعویذ بنا کر حامِلہ کو پہنا دیجئے، ربُّ العزّت کی رَحمت سے حَمل

کی بھی حفاظت ہوگی اور مَدَ نی مُنّا یامَدَ نی مُنّی بھی آفات وبلیّات سے محفوظ رہیں گے

(۵۰) یَا اَللّٰہُ 1001 بارلکھ کرتعویذ بنا کرشروعِ حَمل میں 40 روز تک حامِلہ کے باندھ دیجئے پھر کھول کرنویں مہینے دوبارہ پہنا دیجئے ، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ حمل محفوظ رہے گا اورتندرست مَدَ نی مُنّی یا مَدَ نی مُنّا پیدا ہوگا، اب کھول کرمَدَ نی مُنّی یامَدَ نی مُنّے کو پہنا دیجئے

(۵۱) یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ 111 بار بال پوائنٹ سے کاغذ پرلکھ کرحمل ٹھہرنے کے بعدعورت اپنے پیٹ پر باندھ لےاور بچّے کی ولادت تک باندھے رہے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ الْعَزِیز صحّت مند مَدَ نی مُنّا پیدا ہوگا۔ (حامِلہ نہ لکھ سکےتو کوئی بھی لکھ کر دے سکتا ہے)

اٹھراہ کی تکلیف اوراس روحانی کاعلاج

خواتین کے لئے ایک نہایت تکلیف دہ اور پریشان کن مرض ہے۔اس میں بعض اوقات بچے پیٹ میں ہی مرجاتے ہیں۔بعض دفعہ چوتھے پانچوں مہینے حمل ساقط ہوجاتا ہے۔بعض دفعہ پیدا ہونے کے بعد پہلے یا چھٹے مہینے فوت ہوجاتے ہیں۔ پیدا ہوکر مرنے والے بچے عام طور پرآخر میں سبز رنگ کے دست کرتے ہوئے جان ہارجاتے ہیں اورآخر میں ان کا رنگ بھی سبز پڑ جاتا ہے۔بعض خواتین کو اس طرح کا اٹھراہ ہوتا ہے کہ حمل لڑکے کا ہوتو ساقط ہوجائے گا اورلڑکی کا ہوتو پروان بھی چڑھے گا اور بچی بھی نارمل حالت میں پیدا ہوگی۔بعض کا اس کے برعکس ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے کہ اٹھراہ آٹھ قسم کا ہوتاہے۔واللہ اعلم۔ ۔ یہاں ہم اٹھراہ کی اس صورت کا علاج لکھتے ہیں جس میں بچے پیدا ہونے کے بعدمرجاتے ہیں۔اس کے لئے سواپاؤ اجوائن اورسواپاؤ کالی مرچ لےکرکسی بھی پیر کے روزان پر چالیس (۴۰) بارسورۃ الشّمس پڑھیں۔لیکن ہر باراول وآخر ایک دفعہ درودشریف پڑھ کرتلاوت کریں اور ہردفعہ اجوائن اورمرچ پردم کریں۔ان دونوں چیزوں کوحاملہ خاتون حمل کے پہلے دن سے لےکراس دن تک روزانہ بلاناغہ نہارمنہ کھاتی رہے جب تک وہ بچے کا دودھ نہیں چھڑاتی۔(ضرورت کے مطابق وقتاً فوقتاً اجوائن اورکالی مرچ مزید دم کرکے تیاررکھیں) یہ عمل کرنے سے انشاءاللہ بچہ محفوظ ہوجائے گا۔

اٹھراہ کا ایک مجرب عمل

حمل کے ابتدائی تین ماہ کے اندر اندر یہ عمل کرلیں تو ان شاء اللہ حمل سلامت بھی رہے گا اور بچہ پیدائش کے بعد بھی محفوظ رہے گا۔ضرورت کے مطابق سیاہ مرچ اور اجوائن لے کر (۱) اول وآخر درود شریف (۲) اٹھارہویں پارے کے پہلے رکوع کی آیت

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنْشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ (سورہ مومنون آیت ۱۴)

اکتالیس بار (3) سورۃ الکافرون سات بار (7) سورۃ المزمل سات بار اور (5) سورۃ الم نشرح گیارہ بار پڑھ کر دم کرلیں۔ وہ خاتون کالی مرچ کے سات دانے اور تھوڑی سی اجوائن روزانہ نہار منہ پانی کے ساتھ استعمال کرے۔انشاءاللہ حمل بھی محفوظ رہے گا اور پیدائش کے بعد بچہ بھی محفوظ رہے گا۔

ف: اوپر درج کردہ دونوں عمل اٹھراہ کی اس مریضہ کے لئے بھی مفید ہیں جس کا حمل ساقط ہوجاتا ہو اور اس کے لئے بھی نافع ہے جس کا بچہ پیدا ہونے کے بعد مخصوص علامتوں کے اظہار کے بعد مرجاتا ہو

عورتوں کی بیماری

عورت کو حمل کے دوران بہت کمزوری ہوجاتی ہے اور ان کی طبیعت ہر وقت گری گری رہتی ہے۔کام کاج کو دل نہیں چاہتا۔ایسی صورت میں رات کو سوتے وقت ایک گلاس پانی کا بھر کر اس پر باوضو اکیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے عورت کو پلا دیا جائے۔اول وآخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے ۱۰ شوال المکرم ۱۴۳۷

14/07/16

بمقام ROCHDALE UK